## Maulana Azad National Urdu University
## M.A. Economics,III SemesterExamination-November/December-2024

### Paper: MAEC301DST: Islamic Banking and Finance

### پرچہ: اسلامک بینکنگ اور مالیات

**Time: 3 Hours** **Total Marks: 70**

---

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول، حصہ دوم اور حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارتًا ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

ا۔ حصہ اوّل میں 10 سوالات ہیں جس میں سے طالب علموں کو تمام سوالوں کے جواب دینا لازمی ہے۔ اور ہر سوال کے لئے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x01=10 Marks)

۲۔ حصہ دوم 08 سوالوں پر مبنی ہے۔ اور اس میں طالب علموں کو کوئی 05 سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً 200 لفظوں پر مشتمل ہے۔ (06 x05=30)

۳۔ حصہ سوم 05 سوالوں پر مبنی ہے۔ اور اس میں طالب علموں کو کوئی 03 سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً 500 لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لئے 10 نمبر مختص ہے۔ (03x10=30)

---

### حصہ اول

**1**

**i)** مندرجہ ذیل میں سے کون سا جملہ اجارہ (Ijarah) کے بارے میں صحیح ہے؟

a) یہ ایک شریک منافع (Profit-Sharing) انتظام ہے۔

b) اس میں سرمایہ فراہم کرنا اور کاروبار کا انتظام کرنا شامل ہے۔

c) یہ اجارہ (Lease) پر دینے کے مترادف ہے۔

d) یہ اثاثے میں ملکیت کی نمائندگی کرتا ہے۔

**ii)** تکافل (Takaful) کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

a) کاروباری منافع کو تقسیم کرنا

b) خطرے کے بمقابل مالی تحفظ فراہم کرنا

c) سرمایہ کاری کے منصوبے کا انتظام کرنا

d) اثاثوں کو لیز پر دینے کی سہولت فراہم کرنا

**iii)** مضاربہ معاہدے (Mudarabah contract) میں مضارب کا کیا کردار ہے؟

a) سرمایہ فراہم کرنا

b) کاروبار کا انتظام کرنا

c) کرایہ ادا کرنا

d) انشورنس (insurance) فراہم کرنا

**iv)** مندرجہ ذیل میں سے کون سی خصوصیت مشارکہ میں پائی جاتی ہے؟

a) نقصان صرف ایک فریق برداشت کرتا ہے۔

b) دونوں فریقین کا سرمایہ میں حصہ ہوتا ہے۔

c) مقررہ منافع (Fixed profit returns)

d) ان میں سے کوئی نہیں

**v)** اسلامی بینکنگ میں سود ممنوع ہے کیونکہ یہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نوعیت کے ہوتے ہیں۔

a) استحصالی(Exploitative)

b) امتیازی(Discriminatory)

c) دیے گئے دونوں بھی

d) ان میں سے کوئی نہیں

**vi)** اسلام میں ذخیرہ اندوزی(Hoarding) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے

a) جائز

b) ناجائز

c) کہہ نہیں سکتے

d) ان میں سے کوئی نہیں

**vii)** کفالہ کا مطلب کسی چیز (شخص، مالیات یا عمل) کی طلب کے سلسلے میں ایک۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

a) ذمہ داری(obligation)

b) رشتہ داری(Relationship)

c) بینک

d) ان میں سے کوئی نہیں

**viii)** مضاربہ معاہدے(Mudarabah contract) میں سرمایہ کون فراہم کرتا ہے؟

a) مضارب

b) رب المال

c) اجارہ دار( Lessee)

d) مندرجہ بالا سبھی

**ix)** مشارکہ میں نقصان کو کس طرح سے تقسیم کیا جاتا ہے؟

a) سرمائے میں شرکت کی بنیاد پر(Based on capital contribution)

b) متفقہ تناسب کے مطابق(According to an agreed-upon ratio)

c) فریقین کے درمیان یکساں طور پر(Equally between parties)

d) صرف سرمایہ فراہم کرنے والا(Only by the capital provider)

x) ـــــــــــــــــ زائد از لاگت تمویل (Cost-plus Financing) ہے۔

a) مرابحہ(Murabaha)

b) اجارہ

c) دیے گئے دونوں بھی

d) ان میں سے کوئی نہیں

## حصہ دوم

2. 'مضاربہ'(Mudarabah) کیا ہے؟ واضح کیجیے کہ اسلامی مالیات کے تناظر میں یہ کس طرح کام کرتا ہے؟

3. 'مشارکہ' (Musharakah) کے تصور کو واضح کرتے ہوئے Joint Venture میں اس کے استعمالات(Applications) پر روشنی ڈالیے۔

4. اثاثوں یا جائیداد کو lease پر دینے کے معاملے میں اجارہ(Ijara) کس طرح کام کرتا ہے؟ اس کی وضاحت کیجیے۔

5. بیع سلم(Bi-Salam contract) کیا ہوتا ہے؟ واضح کریں کہ یہ کس طرح دوسرے اسلامی مالیاتی معاہدوں سے مختلف ہے؟

6. مختلف ممالک میں اسلامی مالیاتی طریقوں کو معیاری بنانے پر مختلف مذہبی بورڈز کی طرف سے شریعت کے قانون کی مختلف تشریحات کے مضمرات پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے وضاحت کیجیے کہ یہ عالمی سطح پر اسلامی بینکنگ کو کیسے متاثر کر سکتا ہے؟

7. اسلامی بینکوں کے فنڈز کو متحرک کرنے والے آلات(Instruments for Mobilizing Funds) کی تفصیل سے وضاحت پیش کیجیے۔

8. 'شراکت کی وہ قسم جس میں معاہدے کی دفعات کے مطابق منصوبے کی ملکیت آہستہ آہستہ بینک سے پارٹنر میں تبدیل ہو جاتی ہے' کیا ہے؟ اس پر ایک نوٹ لکھیے۔

9. اسلامی بینک کے کسی ایک ملک کی کیس اسٹڈی(case study) کا جائزہ لیجیے جس نے اپنے مذہبی بورڈ کی رہنمائی کو کامیابی کے ساتھ نافذ کیا ہے۔ اس کی کامیابی میں کون سے اہم عوامل کارفرما تھے، اور دیگر اسلامی مالیاتی ادارے اس مثال سے کیا سبق لے سکتے ہیں؟ واضح کیجیے۔

## حصہ سوم

10. بیع سلم(Bai-Salam)(کے تصور کی وضاحت کرتے ہوئے اسلامی مالیات میں خاص طور پر زرعی مالیات کے حوالے سے اس کی اہمیت پر بحث کریں اور بیع سلم معاہدوں کو شریعت کے مطابق بنانے کے لیے درکار شرائط کا تجزیہ کیجیے۔

11. قرآن میں مذکور ربع (Interest) کے تصور کی وضاحت کرتے ہوئے اس کے انکشافات(Key revelations) اور اسلامی معاشی اصولوں پر ان کے مضمرات(implications) کی وضاحت پیش کیجیے۔

12. اسلامی مالیات میں موخر ادائیگی(deferred payment) کے طرز کے طور پر بیع موجل پر بحث کیجیے۔ بیع موجل روایتی کریڈٹ سیلز سے کس طرح مختلف ہے اور کون سے طریقہ کار اس کے شرعی اصولوں کی تعمیل کو یقینی بناتے ہیں؟ تفصیلی بیان کیجیے۔

13. کسی مخصوص ملک میں اسلامی بینک کی تمسّکات(Products) کی طلب کا اندازہ لگانے کے لیے کن عوامل پر غور کیا جانا چاہیے؟ تفصیلی جواب دیجیے۔

14. ایک اسلامی بینک کی ممکنہ کامیابی کا اندازہ لگانے میں بازار کے مسائل اور سرمایہ کاری کا تجزیہ کیا کردار ادا کرتا ہے؟ ایک تنقیدی تجزیہ پیش کیجیے۔